**29.08.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. حبیب الرحمان

**Music**

---------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی اُزبیکستان اور کرغز جمہوریہ کے 4 دن کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ ان کے دورے سے اہم نوعیت کی ساجھیداری مستحکم ہوگی اور وسطی ایشیاء کے ساتھ تہذیبی روابط گہرے ہوں گے۔

☆ نیپال میں اچانک سیلاب آجانے کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 626 ہوگئی ہے، جبکہ دو ہزار سے زیادہ لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔ بھارت نے انسانی بنیاد پر دی جانے والی امداد میں اضافہ کردیا ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وینزوئیلا کے ساتھ سب سے بڑے تیل معاہدے کا اعلان کیا ہے۔

☆ ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے کہا ہے کہ ایران امریکہ کے ساتھ بات چیت کیلئے تیار ہے، لیکن وہ انتہائی محتاط ہے۔

☆ آج کھیل کود کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے میجر دھیان چند کو خراج عقیدت پیش کیا ہے اور کھیلوں سے وابستہ افراد کی لگن کو سراہا ہے۔

☆ اور، IMD نے اڈیشہ میں اگلے دو سے تین دن کے دوران شدید سے انتہائی شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

---------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-DEPARTURE**

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح ازبیکستان اور کرغز جمہوریہ کے اپنے چار دن کے دورے پر روانہ ہوگئے۔ روانہ ہونے سے پہلے اپنے بیان میں جناب مودی نے اعتماد ظاہر کیا کہ ان کے دورے سے وسطی ایشیا میں بھارت کی اسٹریٹجک ساجھیداری مستحکم ہوگی اور خطے سے تہذیبی روابط گہرے ہوں گے۔ انھوں نے کہا کہ حالیہ برسوں میں بھارت اور ازبیکستان کے درمیان اسٹریٹجک ساجھیداری میں خاطر خواہ پیشرفت ہوئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ تجارت و سرمایہ کاری، ڈیجیٹل کنکٹوٹی، دفاع،

توانائی کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مزید بڑھانے اور وکست بھارت اور Yangi ازبیکستان کے مشترکہ ویژن کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں ازبیکستان کے صدر Shavkat Mirziyoyev کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Sushil Tiwari

*بھارت اور اُزبیکستان نے 2011 میں اپنے تعلقات کو اہم نوعیت کی ساجھیداری کی سطح تک بڑھایا ہے۔ اس کے بعد سے دو طرفہ تعلقات میں کئی شعبوں میں بڑے پیمانے پر اضافہ ہوا ہے۔ وزیراعظم کے اس دورے سے بھارت اور ازبکستان کے درمیان قریبی، کثیر رُخی اور بڑھتی ہوئی سیاسی ساجھیداری میں اضافہ ہوگا۔ بات چیت کے دوران باہمی اشتراک کے کئی شعبوں کو شامل کئے جانے اور دو طرفہ تعاون کو مستحکم کئے جانے کے طریقے تلاش کئے جانے کی امید ہے۔*

*تاشقند اُزبکستان سے سشیل چند تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

وزیراعظم نے کہا کہ وہ کرغز جمہوریہ کے صدر Sadyr Zhaparov کی دعوت پر شنگھائی تعاون تنظیم کی 26ویں سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے بشکیک جائیں گے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ سکیورٹی، کنکٹوٹی اور مواقع کی بنیاد پر خطے کے لئے بھارت کے ویژن کو تیزی سے آگے بڑھانے اور دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کی لعنت سے پاک خطے کیلئے ساتھی ارکان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔×

## MAN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 137 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن اے آئی آر موبائل ایپ پر بھی دستیاب ہوگا۔ اِس کے علاوہ اِسے آکاشوانی نیوز، ڈی ڈی نیوز، PMO اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی سے ہندی نشریے کے فوراً بعد یہ پروگرام علاقائی زبانوں میں نشر ہوگا۔×

## NEPAL FLOOD

نیپال اور تبت میں تباہ کن اچانک سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر آج صبح تک 626 ہوگئی تھی، جبکہ دو ہزار سے زیادہ افراد لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ پولیس نے Chitwan سے 233، Nawalparasi East سے 158، گورکھا سے 48، Nawalparasi West سے 47، Dhading سے 45، Nuwakot سے 41، Tanahun سے 31 اور Rasuwa سے 13 لاشیں برآمد کی ہیں۔ متاثرہ اضلاع میں بچاؤ اور امدادی کاموں کے ساتھ ساتھ لاپتہ افراد کی

تلاش جاری ہے۔ بچائے گئے افراد کو محفوظ جگہوں پر لے جایا جارہا ہے۔ وزارتِ خارجہ نے کل بتایا تھا کہ 320 بھارتی باشندوں کا ابھی تک کچھ پتہ نہیں چلا ہے یا وہ بدھ کو اچانک سیلاب میں لاپتہ ہوگئے ہیں۔

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ تقریباً 100 بھارت نژاد افراد سے بھی، جن کے پاس دوسرے ملکوں کی شہریت ہے، کوئی رابطہ قائم نہیں ہوسکا ہے۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان جناب جیسوال نے بتایا کہ Trishuli-1 پن بجلی پروجیکٹ پر کام کرنے والے 63 بھارتی باشندوں کو بچا لیا گیا ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ چین کی طرف والے علاقے میں 400 کے قریب بھارتی باشندے محفوظ ہیں اور انہوں نے اپنے کنبے والوں سے رابطہ قائم کررکھا ہے۔ سرکار نے وزارتِ خارجہ میں کنٹرول روم قائم کیا ہے، جو رات دن کام کررہا ہے۔ کاٹھمنڈو اور بیجنگ میں بھارت کے سفارتخانے باہمی تال میل سے کام کررہے ہیں۔ کاٹھمنڈو میں واقع بھارت کے سفارتخانے کا یہ نمبر ہے :

پلس نو سات سات - نو آٹھ پانچ - ایک تین ایک - چھ آٹھ صفر سات،

پلس نو سات سات - نو سات صفر - نو ایک صفر - سات پانچ صفر صفر

پلس نو سات سات - نو آٹھ ایک - صفر تین دو - چھ ایک ایک سات

بیجنگ میں بھارت کے سفارتخانے کا نمبر یہ ہے :

پلس آٹھ چھ - ایک آٹھ پانچ - ایک چار دو آٹھ - چار نو صفر پانچ

اسی دوران بھارت نے نیپال کو انسانی بنیاد پر دی جانے والی امداد کے کام میں اور تیزی کردی ہے۔ 10 ٹن امدادی سامان لے کر بھارت کی تیسری پرواز کل شام کاٹھمنڈو پہنچی۔ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے نامہ نگاروں سے کہا کہ بھارت، نیپال کو لگاتار امدادی سامان بہم پہنچا رہا ہے اور امدادی کوششوں میں ہاتھ بٹا رہا ہے۔x

## US-VENEZUELA OIL DEAL

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وینیزویلا کے ساتھ سب سے بڑے تیل معاہدے کا اعلان کیا ہے۔ وینیزویلا کے ساتھ یہ تاریخی معاہدہ امریکہ کو 65 ارب بیرل سے زیادہ کے تصدیق شدہ خام تیل کے ذخائر پر اکثریتی کنٹرول فراہم کرے گا۔ انھوں نے کہا کہ یہ معاہدہ امریکی ٹیکس دہندگان کے کسی خرچ کے بغیر حاصل کیا گیا ہے اور اس سے کُل امریکی تیل کے ذخائر دوگنا سے بھی زیادہ ہوجائیں گے۔ امریکی انتظامیہ کا دعوٰی ہے کہ امریکی تیل کی سپلائی میں اس بڑے اضافے سے طویل مدت میں ملکی گیسولین کی قیمتوں میں کمی آئے گی، جبکہ وینیزویلا کی معیشت اقتصادی بحالی کی راہ پر گامزن ہوگی۔ یہ اعلان مہینوں کے شدید امریکی سفارتی دباؤ، پابندیوں کے نفاذ اور جنوبی امریکی ملک کے توانائی کے شعبے کو مستحکم کرنے کے مقصد سے وینیزویلا کی تیل کی برآمدات کی براہ راست نگرانی کے بعد سامنے آیا ہے۔x

## IRAN PREZ TV INTERVIEW

ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے کہا ہے کہ تہران، امریکہ کے ساتھ گفتگو کیلئے تیار ہے، ساتھ ہی وہ محتاط بھی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک TV انٹرویو میں یہ بھی کہا کہ اگر امریکہ سمجھوتے کا احترام کرتا ہے تو ایران بھی اُس کی پاسبانی کرے گا۔ ایران کے صدر نے کہا کہ جون کے امن سمجھوتے کے مفاہمت نامے کو پھر سے سرگرم کرنے کیلئے سفارتی کوششیں مرکوز کی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے لگ بھگ 9 کروڑ بیرل تیل برآمد کیا ہے، جبکہ سمجھوتے کو عملی جامہ پہنایا جارہا ہے۔ ایران کے صدر کی یہ رائے زنی ایسے وقت سامنے آئی ہے، جبکہ ایران اندورنِ ملک اقتصادی دباؤ سے دو چار ہے۔

## NATIONAL SPORTS DAY

بھارت کی کھیلوں کی ایک عظیم الشان شخصیت میجر دھیان چند کا یومِ پیدائش آج ملک بھر میں کھیلوں کے دن کے طور پر منایا جارہا ہے۔ بھارت کے کھیلوں کے مالا مال ورثے کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے یہ دن منایا جاتا ہے اور لوگوں کی اس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کھیلوں کو اپنی روز مرہ کی زندگی کا حصہ بنائیں۔

آج کا دن ''ایک گھنٹہ کھیل کے میدان میں'' موضوع کے تحت منایا جارہا ہے اور اس کے تین اہم ستون طے کئے گئے ہیں، Tribute, Play اور Move۔ اس موقع پر ملک بھر میں مختلف کھیلوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ دلّی میں مرکزی وزراء ڈاکٹر منسکھ مانڈویا اور ارجن رام میگھوال نے کرکٹ میچ میں حصہ لیا۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے، ڈاکٹر مانڈویا نے عوام پر زور دیا کہ وہ صحتمند اور Fit رہنے کیلئے ہر ہفتے کم سے کم ایک گھنٹہ کھیل کے میدان میں گزاریں۔x

## PM-NATIONAL SPORTS DAY

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کھیل کود کے قومی دن کے موقع پر بھارتی ہاکی کے مایہ ناز کھلاڑی میجر دھیان چند کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارتی ہاکی میں میجر دھیان چند کی شاندار کارکردگی آنے والی نسلوں کو حوصلہ فراہم کرتی رہے گی۔x

## MANDAVIYA-NATIONAL SPORTS DAY

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دلّی میں کھیل کود کے قومی دن کے موقع پر بھارتی ہاکی کے مایہ ناز کھلاڑی میجر دھیان چند کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ میجر دھیان چند کا یوم پیدائش منانے کیلئے ہرسال کھیل کود کا قومی دن منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فِٹ انڈیا تحریک کو آگے بڑھانے کیلئے ملک بھر میں ''کھیل کے میدان میں ایک گھنٹہ'' پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے۔

**IMD-WEATHER**

بھارت کے محکمہ موسمیات نے پیر تک کیلئے اڈیشہ میں شدید سے انتہائی شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آئندہ دو سے تین دن کے دوران بہار، مغربی بنگال کے گنگا والے علاقے، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ حصوں میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آندھراپردیش، کرناٹک، اڈیشہ، تمل ناڈو، پدوچیری اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ قومی راجدھانی میں اگلے 7 دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کسی خاطر خواہ تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔×

**RIJIJU-SERBIA**

پارلیمانی اُمور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو اس مہینے کی 31 تاریخ سے یکم ستمبر تک سربیا کے شہر Belgrade میں اعلیٰ سطح کی ایک یادگاری میٹنگ میں بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ میٹنگ کا موضوع ہے، ''نا وابستگی کی وراثت : آج کی دنیا کیلئے سبق''۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ میٹنگ ناوابستگی کی تحریک کے سربراہانِ مملکت و حکومت کی پہلی کانفرنس کے 65 سال مکمل ہونے کے موقع پر ہورہی ہے۔×

**CNG PRICE HIKE**

اِندر پرستھ گیس لمیٹڈ IGL نے CNG کی قیمت میں تین روپے 89 پیسے فی کلوگرام کا اضافہ کردیا ہے۔ نئی قیمت کا اطلاق آج صبح سے ہوگیا ہے۔ قومی راجدھانی میں CNG کی قیمت اب 86 روپے 98 پیسے فی کلوگرام ہوگئی ہے۔ گروگرام میں اس کی قیمت 92 روپے ایک پیسہ فی کلوگرام، جبکہ غازی آباد اور نوئیڈا میں صارفین کو اس کی قیمت 95 روپے 59 پیسے فی کلوگرام ادا کرنا ہوگی۔×

**CRICKET WOMEN ASIA CUP**

کرکٹ میں آج دوبئی میں خواتین کے ٹی-ٹوینٹی ایشیا کپ میں گروپ B کے ایک میچ میں سری لنکا کا مقابلہ متحدہ عرب امارات سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔ اِدھر کل رات کھیلے گئے گروپA کے میچ میں تھائی لینڈ نے ہانگ کانگ کو 6 رن سے ہرادیا۔ 2026 کے خواتین ایشیا کپ کیلئے 8 ٹیموں کو دو گروپوں میں رکھا گیا ہے۔ بھارت اور پاکستان گروپA میں ہیں۔ اِس گروپ کی دیگر ٹیموں میں ہانگ کانگ اور تھائی لینڈ شامل ہیں۔

اِدھر گروپB، سری لنکا، بنگلہ دیش، متحدہ عرب امارات اور انڈونیشیا پر مشتمل ہے۔ بھارتی خواتین کی کرکٹ ٹیم کل تھائی لینڈ کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گی، جبکہ پاکستان کے خلاف اُس کا میچ 5 ستمبر کو ہوگا۔×

**THIRD VANDE BHARAT-J&K**

سائنس وٹیکنالوجی اور ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ جموں اور سری نگر کے درمیان تیسری وَندے بھارت ٹرین جلد ہی شروع کی جائے گی۔ انہوں نے اسے جموں وکشمیر کے لوگوں کیلئے ایک بڑا قدم قرار دیا۔ آ کاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ایک ویڈیو پیغام میں ڈاکٹر سنگھ نے کہا ہے کہ ریلوے کی وزارت نے اُدھم پور میں ہالٹ کی منظوری دے دی ہے۔ لوگوں نے اس کا مطالبہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اُدھم پور ہالٹ کیلئے منظوری، خاص طور سے اہم ہے۔ جناب جتیندر سنگھ نے اس کیلئے وزیراعظم نریندر مودی، ریلوے کی وزارت اور ریلوے کے وزیر کا شکریہ ادا کیا ہے۔×

**INDIA-US DEAL-JAVELIN MISSILE**

بھارت نے Javelin ٹینک شکن Guided میزائل نظام خریدنے کیلئے امریکہ کے ساتھ ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ اِس طرح بھارت اِس میزائل نظام کا باضابطہ خریدار بن گیا ہے اور دونوں ملک بھارت میں اِسے مشترکہ طور پر تیار کرنے کی سمت کام کریں گے۔ بھارت میں امریکی سفارتخانے اور قونصل خانے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارتی فوج نے Javelin ٹینک شکن Guided میزائل نظام خریدنے کیلئے پیشکش اور منظور کرنے سے متعلق دستاویز پر دستخط کئے ہیں۔ سفارتخانے نے کہا ہے کہ امریکہ، بھارتی فوج کے اِس قدم کا خیرمقدم کرتا ہے۔ بھارت میں امریکہ کے سفر Sergio Gor نے کہا ہے کہ اِس سمجھوتے سے بھارتی فوج کیلئے امریکہ کی مدد کی مضبوطی کا اظہار ہوتا ہے اور اِس سے دونوں ملکوں کی دفاعی صنعتوں کیلئے مل کر کام کرنے کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆